19/07/2025

12:30 /PM

آداب

اب آپ اعجاز اختر سے خبریں سُنیے۔

اجلاس

حکومت نے سوموار سے شرو ع ہونے پارلیمنٹ کے مون سون اجلاس سے قبل کل سبھی سیاسی جماعتوں کی میٹنگ طلب کی ہے ۔ میٹنگ کے دوران حکومت پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا کام کاج احسن طریقے سے چلانے کیلئے سبھی سیاسی جماعتوں سے تعاون کی درخواست کرے گی ۔ واضح رہے پارلیمنٹ کامون سون اجلاس 21جولائی سے 21اگست تک چلے گا۔ اجلاس کے دوران کئی اہم بلونکو بحث منظورکئے جانے کیلئے پیش کیا جائے گا۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر تعلیم اور اختراع کا ایک بڑا مرکز بن کر ابھر ا ہے۔ انڈین انسٹی چیوٹ آف منیجمنٹ جموں کے پانچ روزہ اورینٹیشن پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ ملک کی کاروباری اختراع اور وسائل کے انتظامات کا مستقبل کاروباری رہنماؤں اور آنے والے کل کے مفکرین کے کندھوں پر ہے ۔ انہوں نے کہاکہ سب کیلئے خوشحالی کو یقینی بنانا ہمار ا ہدف ہے۔

چیف سیکریٹری

انسٹی چیوٹ میں داخلہ پانے والے نئے بیچ سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے طالب علموں پر زور دیا کہ ایک بہتر قوم کی تعمیر کیلئے وہ نہ صرف پیشہ ور بلکہ اقدار اور نظریے کے رہنما بنیں۔

خراج

وزیر اعظم نریندرمودی ، کئی مرکزی وزراءاور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے مجاہد آزادی منگل پانڈے کو ان کے جنم دن کی سالگرہ پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں انہوننے کہا ہے کہ منگل پانڈے کی بہادری اور خدمت کی کہانی لوگونکیلئے ہمیشہ تحریک بخشتی رہیں گی۔انہوننے انقلاب کی مشعل کو روشن کرنے کیلئے منگل پانڈے کے حب الوطنی کے جذبے کو سلام پیش کیا ہے۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر کو سال بھر کیلئے ایک سیاحتی مقام بنانے کا اراداہ رکھتی ہے ۔ سرینگر میں منعقدہ کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کی سیاحت سے متعلق پہلی شمالی علاقائی کمیٹی کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ

نے حکومت کے ان اقدامات کو اجا گر کیاجو جموں کشمیر کی سیاحت کو مزید فروغ دینے کے غرض سے اٹھا رہی ہے ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔آج صبح 11بجے تک مزید5ہزار570یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔ اس طرح اب تک 2لاکھ78ہزار6سو سے زیادہ یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی ہے ۔

ادھر جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج سویرے 6 ہزار365یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طر ف روانہ ہوا ۔

اس دوران ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سوتھ کشمیر رینج کی صدارت میں کل پہلگام میں منعقدہ سکیورٹی میٹنگ میں جاری امر ناتھ جی یاترا کے حوالے سے سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا گیا ۔

گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل جتن کشور کی صدارت میں کل ڈسٹرکٹ لیول ایمپلمنٹیشن کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں  ”مشن یوا اُدیامیتا وکاس ابھیان“ اسکیم کی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ۔ میٹنگ میں اسکیم کے تحت63کیسوں کو منظوری دی گئی۔

ایک اور میٹنگ میں ڈی سی موصوف نے آنے والے یوم آزادی کے سلسلے میں کئے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔

کولگام

ضلع ترقیاتی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے کل متعلقہ افسروں کی میٹنگ میں ضلع میں جل شکتی ابھیان Catch the rain Compaign کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران کو JSA-CTR پروجیکٹوں کی تیز تر تکمیل کیلئے بین محکمہ جاتی تال میل کی ضرورت پر زور دیا۔

پولیس

گاؤنمینمقبول گنائی نامی ڈرگ Mulashulla انٹی نارکوٹکس ٹاسک فورس نے کل بڈگام ضلع کے پیڈلر کو گرفتار کرکے اُس کے گھر سے فکی کی کافی مقدار ضبط کی۔

ادھر پولیس نے پلوامہ ضلع میں راولپورہ خانصاحب بڈگام کے عادل میر اور سمیر میر نامی دو بد نام بائیک چرانے والے افراد کو گرفتار کرکے ان سے چرائی گئی ایک بائیک بر آمد کی ۔

اورنٹیشن پروگرام

جموں اینڈ کشمیر انٹر پرنیورشپ ڈیولپمنٹ انسٹی چیوٹ کشمیر کی طرف سے کل سکاسٹ کشمیر کے طالب علموں کیلئے سیمپورہ کیمپس میں ایک روزہ انٹر پرنیور شپ اورنٹیشن پروگرام منعقد

کیا گیا ۔ پروگرام میں طالب علموں کو یو ٹی مینابھر رہے انٹر پرنیور شپ کلچر کے متعلق جانکاری فراہم کی گئی ۔

ومل جیت

بین الاقوامی باڈی بلڈر ومل جیت نے کل راج بھون جمونمیں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ ایل جی نے انہیں بھوٹان کے تھیمپو میں منعقدہ پندرویں مینز سوتھ ایشین باڈی بلڈنگ اینڈ فیزک سپورٹس چمپئن شپ میں سونے کا تمغہ جیتنے پر مبارکباد دیتے ہوئے ان کے بہتر مستقبل کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔

سمٹ

وارانسی میں آج سے دو روزہ یوتھ سپریچول سمٹ منعقد  ہو رہاہے۔امور نوجوان اور کھیل کود کی مرکزی وزارت کی طرف سے منعقد ہونے والے اس پروگرام مینڈیگر اہم شخصیات کے علاوہ سو مختلف روحانی اور سماجی و کلچرل تنظیموں کے پانچ سو سے زیادہ یوتھ ڈیلی گیٹ حصہ لے رہے ہیں۔ سمٹ کا مقصدمنشیات کے خلاف قومی عزم کا اعادہ کرنا ہے ۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہواs

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ